زرِ سالانہ دو روپے | اردو کی نئی اور پرانی مطبوعات کا خبرنامہ | رجسٹرڈ نمبر ایل 18/76

ماہنامہ نگارشات امروہہ

جلد ۱ | اپریل ۱۹۷۲ء | شمارہ ۸

اندازِ نظر

حمدِ نانک

۱۹۶۹ء گورونانک جی کی پیدائش کا پانسوواں سال تھا۔ دنیا کے مختلف ممالک میں ان کو ہدیۂ عقیدت پیش کیا گیا۔ جناب فیض سرحدی نے اس ہمہ گیر شخصیت کے بارے میں ایک ضخیم کتاب نثر میں تصنیف کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ مگر موصوف کے فرائض منصبی اس امر کی انجام دہی میں مانع رہے۔ پھر بھی جو تھوڑا بہت وقت آپ کو ملا اس میں "حمدِ نانک" مرتب کی جو گورونانک جی کی صفت وثنا میں اردو نظموں کا ایک گراں قدر مجموعہ ہے۔ جس میں اردو کے شعراء کا کلام ہے۔ اس میں اردو کے لگ بھگ ساٹھ شعراء کی نظمیں شامل ہیں جن میں نظیر، اقبال، آزاد، ساحر، مضطر، صوفی، ہنر، کوشاں وغیرہ شامل ہیں۔ گورونانک جی کی زندگی کے واقعات اور ان کے زریں ارشادات بھی شروع میں درج کیے گئے ہیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کی گٹ اپ اور طباعت والی۔ اس کتاب کی قیمت صرف پندرہ روپے ہے۔ گورونانک کے ہر عقیدت مند کے گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔ بک کار نر امروہہ سے منگائی جا سکتی ہے۔

ارمغانِ کیرلا

نام کتاب - ارمغانِ کیرلا
مصنف - ایس ایم سرور۔ ملاپرم۔ کیرلا
موضوع - شعروشاعری -
ضخامت - ۸۰ صفحات $\frac{20\times30}{16}$ اچھی کتابت وطباعت
قیمت - ایک روپیہ پچیس پیسے

ارمغانِ کیرلا جناب ایس ایم سرور کی نظموں کا مجموعہ ہے جس کے شروع میں جناب محوی صدیقی اور جناب ارشد صدیقی کا "اظہارِ خیال" اور "مقدمہ" بالترتیب شامل ہے۔ سرور صاحب نے "اپنی چند باتیں" کے عنوان سے اپنا تعارف دشواریوں کا ذکر کیا ہے۔ جنگلور میں اردو شعروشاعری کا چرچا اور مشاعروں کی گرم جوشی کو دیکھ کر موصوف نے اردو میں طبع آزمائی شروع کی آپ گذشتہ پچیس سال سے ملاپرم کے گورنمنٹ اسکول میں اردو زبان کی تدریس کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یہ مجموعہ کلام اس اعتبار سے قابلِ قدر ہے کہ شاعر کی مادری زبان ملیالم

پندرہ روزہ "عصائے کلیم" مراد آباد ۲۷

پندرہ روزہ "عصائے کلیم" مراد آباد سے گذشتہ سال سے برابر شائع ہو رہا ہے۔ اس کے ایڈیٹر جناب سید محمد بی ایس سی (علیگ) ہیں۔ ایک شمارہ کی قیمت پچیس پیسے اور زر سالانہ چھ روپے ہے۔ کتابت و طباعت صاف ستھری ہے۔ کچھ عنوانات یہ ہیں۔ سیرت محمدی، نبی کا آخری پیغام مسلم پرسنل لا، ہندوستانی سماج اور عورت، ہمارے نبی کا آخری پیغام، دین کے خادم کو کیسا ہونا چاہیے (سید مستفیض الحسن) یہ اخبار جس میں مذہبیات اور سیاسیات دونوں پر مشتمل مضامین شامل ہیں مسلمانوں کے پڑھنے کی چیز ہے۔ ملنے کا پتہ۔ غریب خانہ۔ فہیم علی روڈ فیضی پریس مراد آباد ہے۔

اردو ادب میں سکھوں کا حصہ

یہ قابل قدر کتاب جس میں گرونانک سے عہد حاضر تک کے اردو کے سکھ شعرا اور ادیبوں کا تذکرہ ہے اپنی جگہ ایک نئی نوعیت اور قابل مطالعہ حیثیت رکھتی ہے۔ جناب امام مرتضیٰ نقوی اور جناب مرتضیٰ حسین رضوی نے کتاب کی تالیف اور ترتیب میں خاصی سوجھ بوجھ کا ثبوت دیا ہے اس کتاب تالیف میں ۱۰۲ شعرا اور ۱۵ ادیبوں کا تذکرہ ہے۔ آخر میں حاصل نظر عنوان سے ۱۲ ایسے سکھ شعرا اور ادیبوں کی فہرست دی گئی ہے جن کی سوانح اور کلام اور ادبی پارے دستیاب نہیں ہو سکے۔ اور خواہش ظاہر کی گئی ہے کہ ان حضرات کو آئندہ ایڈیشن میں شریک کیا جا سکے گا۔ ۱۳ × ۱۸ سائز کے چار سو صفحات پر مشتمل ہے کتاب طباعت، جلد دیدہ زیب ہے قیمت پندرہ روپے۔ حکومت پنجاب کو چاہیئے یہ کتاب ہر لائبریری میں خریدنے کا انتظام کرے تاکہ آئندہ نسلوں کو یہ معلوم ہو سکے کہ اردو ایک ایسی زبان ہے جسے پنجابی سکھوں نے اپنے زور قلم سے ضیا بخشی اور پھر پنجاب کی حکومت نے ہی اردو کو پنجاب میں ختم کرنے میں سبقت کی۔

فارم ۴ - دیکھیے رول ۸

بیان بابت ملکیت و جملہ تفصیلات "نگارشات" امروہہ۔

۱۔ مقام اشاعت۔ امروہہ (۲) وقفہ اشاعت ماہانہ (۳) پرنٹر، پبلشر، ایڈیٹر، مالک، ایم ایچ رضوی قومیت۔ ہندوستانی۔ پتہ دانشکدہ امروہہ

میں، ایم ایچ رضوی اعلان کرتا ہوں کہ مندرجہ بالا تفصیلات میرے علم اور یقین کے مطابق درست ہیں۔

دستخط۔ ایم ایچ رضوی

مارچ سنہ ۷۲ء

اردو کے تاریخ ساز شاعر ولی دکنی پر بیس سال سے کوئی کتاب نہیں شائع ہوئی تھی ولی ہر یونیورسٹی کے نصاب میں شامل ہے لیکن بازار کیا لائبریریوں میں بھی اس پر کوئی کتاب نہیں ملتی تھی۔ ڈاکٹر شارب ردولوی نے جدید تحقیق کی روشنی میں

مطالعۂ ولی

لکھ کر وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا ہے جس میں

- ولی کے حالات زندگی
- دکن کا تاریخی و سماجی پس منظر
- ولی کی صوفیانہ شاعری
- ولی کا فن اور ولی کی زبان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔

ان تنقیدی و تحقیقی جائزوں کے ساتھ مطالعۂ ولی میں کلیات ولی کا ایک خوبصورت انتخاب بھی شامل ہے جو کلیات کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ سائز ۲۲×۱۸/۸ نفیس طباعت، عمدہ جلد۔ قیمت :- دس روپے۔

اردو میں واحد معلوماتی، کارآمد اور بہترین کتاب

"اناجوں کا بادشاہ گیہوں"

{ حکومت ہند سے انعام یافتہ — قیمت تین روپیہ پچاس پیسے }

گیہوں کی فصل کی تاریخ، کاشت، گیہوں کی بیماریوں، گیہوں کو لگنے والے کیڑوں۔ نئی بونی قسموں، ولایتی کھادوں، مشہور قسموں پر تازہ ترین عملی اور مفید معلومات۔ دلچسپ اور عام فہم زبان میں۔

اردو میں گیہوں کے مضمون پر ایسی مکمل اور کارآمد پہلی کتاب ہوگی۔ ڈاکٹر ایم ایس رندھاوا۔ وائس چانسلر، پنجاب ایگریکلچرل یونیورسٹی لدھیانہ۔

کتاب کا مطالعہ کر کے ایک پڑھا لکھا کسان گندم کی فصلوں سے فی الواقع سونا پیدا کر سکتا ہے۔ روزنامہ ملاپ۔

کتاب بہت سادہ الفاظ میں لکھی گئی ہے تاکہ کسانوں کے لیے مفید ثابت ہو اور جو معلومات بہم پہنچائی ہیں وہ بھی مفید ہیں

غالب کی زندگی اور غزل پر ایک خوبصورت کتاب

اے شارٹ بائیوگرافی آف مرزا غالب (انگریزی)

قیمت ساڑھے تین روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

مصنف نے چیدہ چیدہ اشعار کا انگریزی میں ترجمہ بھی کیا ہے اور ترجمہ دیکھ کر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ترجمے کے آرٹ کو سمجھ گئے ہیں اور ترجمہ میں شعر کے معنی کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ کتاب کا سرورق دیدہ زیب اور چھپائی اچھی ہے۔ چند دلکش اسکیچ بھی ہیں۔ جو لوگ چاہتے ہیں کہ غالب کو غیر اردو داں بھی پڑھیں اور سمجھیں وہ یہ کتاب اپنے دوستوں کو تحفے کے طور پر یقیناً دے سکتے ہیں" (الجمعیۃ)

"غالب کے شائقین کے لیے یہ ایک اچھی کتاب ہے" (سنڈے اسٹینڈرڈ بمبئی)۔

بک کارنر۔ دانشمندان اسٹریٹ۔ امروہہ

Regd. No. L 1846
R.N. 22057/71

AMROHA (U.P.)

بہترین دوست، بہترین ساتھی، بہترین رہنما

زنداں نامہ

فیض کی شاعری، عصری رجحانات رکھتے ہوئے بھی انقلابات زمانہ سے ماوراہے، لافانی اور لازوال ہے۔ اس کے بغیر اردو ادب کی تاریخ مکمل نہیں ہوتی۔ قیمت دو روپے۔

دستِ صبا

جب تک ہم اور آپ زندہ ہیں اور ہمارے دلوں میں اپنے عظیم ادبی ورثے کو آنے والی نسلوں کے ہاتھوں میں سونپنے کا جذبہ زندہ ہے۔ فیض کی شاعری زندہ رہے گی۔ قیمت دو روپے

نقشِ فریادی

فیض کی آواز، انسانیت کی آواز ہے اور اس کی شاعری انسانی جذبات اور فکر و عمل کی بہترین نمائندہ ہے ان تینوں کتابوں میں فیض کا بہترین کلام اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ قیمت دو روپے۔

سُسرال

اردو کے مشہور و معروف ظرافت نگار شوکت تھانوی کا مشہور و معروف ناول۔ کہتے ہیں انسان دوسری مخلوق سے اس لیے افضل ہے کہ وہ ہنس سکتا ہے۔ تو لیجئے آپ بھی ہنسیئے۔ قیمت دو روپے۔ علاوہ محصول۔

گجر

قتیل شفائی کا مجموعۂ کلام۔ قتیل کی شاعری روزمرہ کی زندگی میں کام آنے والی شاعری ہے۔ یہ شاعری پڑھنے والے کو خود اپنے دل کی آواز محسوس ہوتی ہے۔ قیمت دو روپے علاوہ محصول۔

کلامِ میر

میر اردو ادب کی وہ قد آور شخصیت ہے جس کے قدم زمین پر ہیں اور سر آسمان کی بلندیوں پر۔ ترتیب۔ مدثر حسین رضوی ایم اے۔ قیمت دو روپے۔ علاوہ محصول

کلامِ جوش

شاعر انقلاب جوش ملیح آبادی کے پرجوش کلام کا انتخاب خوب صورت اور دیدہ زیب گٹ اپ کے ساتھ۔ ترتیب۔ مدثر حسین رضوی ایم اے۔ قیمت دو روپے۔ علاوہ محصول۔

جدید اردو نظم اور یورپی اثرات

ڈاکٹر حامد کشمیری

اہم عنوانات۔ نظم، موضوع اور ہیئت۔ جدید اردو نظم اور اولین مغربی اثرات۔ جدید نظم سے پہلے۔ جدید اردو نظم کے اولین علمبردار۔ روایت کی توسیع۔ موجودہ نظم کا یورپی پس منظر۔ اقبال کی نظم۔ اقبال کے اثرات۔ نئے رجحانات۔ ۱۹۴۷ کے بعد

قیمت۔ مکمل پندرہ روپے (علاوہ محصول)

ملنے کا پتہ

بک کارنر دانشمند ان اسٹریٹ امروہہ

مالک ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر ایم اے رضوی مطبوعہ کوہ نور پریس لال کنواں دہلی۔ پتہ نگارشات امروہہ